# سب کے لیے خواندگی اور سب کے لیے تعلیم

ہندوستانی دستور سازوں نے جمہوریت میں تعلیم کی اہمیت وضرورت کو پوری طرح سے سمجھا تھا۔اس لیے14 سال کی عمر کے تمام بچوں کے لیے مفت اور لازمی تعلیم ہندوستانی دستور میں لازمی ہے۔موجودہ دور میں ساکشر بھارت نام کا پروگرام پوری ملک میں ہورہا ہے ۔اس کا ہدف 15 سال سے زیادہ عمر والے سبھی بالغوں کو مقصد پر مبنی خواندگی اور ان کی تعداد میں اضافہ کرنا ہے اس طرح سرواسکھشا ابھیان 6 سے 14 سال کی عمر کے بچوں کے لیے ابتدائی تعلیم کے ہمہ گیری کے مقصد کو حاصل کرنے کے لیے چلایا جارہا ہے۔اس کے علاوہ ہندوستانی پارلیمنٹ نے2009ء میں حق تعلیم ایکٹ منظور کیا ہے جس میں 6 سے 14 سال کی عمر کے بچوں کے لیے تعلیم کو بنیادی حق بنادیا گیا ہے۔

**.1 صحیح جواب لکھیے۔**

.1 موثر جمہوریت کی بنیاد..................................

.2 پورے ہندوستان میں تعلیم کے لیے چلائی جانے والی تنظیم ..................................

**.2 جوابات دیجیے۔**

.1 ساکشر بھارت ہندوستان کے کسی پروگرام سے منسلک ہے؟

.2 سرواسکھشا ابھیان کیوں چلایا جارہا ہے؟

.3 ہندوستانی پارلیمنٹ نے تعلیم کا ایکٹ کب پاس کیا؟

**.3 خالی جگہوں کو پر کیجیے۔**

.1 ہندوستان کے آئین کی پابندی : ☐

.2 ہندوستانی پارلیمنٹ میں 2009ء کو پاس کیا گیا ایکٹ : ☐

**.4 جمہوریت اور تعلیم کی وضاحت کیجیے۔**